13997-دشمن کے مقابلے میں اگلے مورچوں پر موجود مسلمان فوجیوں کی نماز کی کیفیت

سوال

اگر مسلمان فوجی دشمن کے مقابلے میں اگلے مورچوں پر ہوں مثلا پاکستانی فوجی جو کشمیر کے بارڈر پر ہندوؤں کے مقابلے میں ہیں نماز کیسے ادا کرینگے ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو مذکورہ لوگ اپنی اقامت والی جگہ میں ہیں اور سفر نہیں کیا تو وہ نماز جمعہ اور نماز پنجگانہ مکمل یعنی چار رکعت ادا کرینگے .

لیکن اگر وہ اگلے مورچوں پر سفر کر کے گئے ہیں تو نہ تو ان پر نماز جمعہ ہے اور نہ ہی چار رکعت بلکہ وہ قصر اور جمع کرینگے ، کیونکہ ان کی مدت کا علم ہی نہیں کہ کب ختم ہو جائیگی .

اللہ تعالی سب لوگوں کو اپنی رضا کے کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے .